Urdu

انگریزی متعلمین کیلئے پروگرام

پرنس ولیئم کاؤنٹی پبلک سکولز انگریزی متعلمین کے پروگراموں اور خدمات کا دفتر

انگریزی متعلمین (EL) کیلئے پروگراموں اور خدمات کا دفتر، ریاستی اور وفاقی قواعد کی حمایت میں ELs اور دوسرے ملکوں سے آنے والے بچوں اور نوجوانوں (IY) کو مہیا کی جانے والی خدمات پر نظر رکھتا اور اسے برقرار رکھتا ہے۔ اس کے اہم فرائض میں جامع رجسٹریشن کی خدمات مہیا کرنا اور اعلی معیار کے سکول پر مبنی پروگراموں کو یقینی بنانا جو ELs کو انگریزی زبان میں مہارت حاصل کرنے میں مدد دینے کے ساتھ ساتھ ریاستی مواد کے معیار پر پہنچنے اور اس سے آگے جانے کیلئے بھی مدد دیتے ہیں۔ مرکزی رجسٹریشن کی خدمات کا دفتر EL پروگرام کی اہلیت کیلئے معلومات اور تشخیص سے متعلق درخواستوں کا جواب دیتا ہے۔ تدریسی خدمات [کا شعبہ] EL کی کامیاب تدریس کیلئے بہترین طریقوں کو لاگو کرنے کیلئے ماہرین تعلیم کی معاونت کرتا ہے۔ ترجمے کی خدمات والد یا والدہ کو رابطے کو سہولت فراہم کرتی ہیں۔

پروگرام کیلئے اہلیت

میرے بچے/بچی کو انگریزی متعلم کے طور پر کیوں شناخت کیا گیا؟

جب اہل خانہ طالبعلم/طالبہ کو پرنس ولیئم کاؤنٹی سکولز میں رجسٹر کرواتے ہیں تو وہ گھر میں بولی جانے والی زبان کا سروے مکمل کرتے ہیں۔ جب کچھ سوالات کے جوابات انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان ظاہر کرتے ہیں تو ہم سکریننگ ٹیسٹ کرتے ہیں۔ انگریزی زبان میں مہارت کے اس سکریننگ ٹیسٹ کے نتائج کی بنیاد پر، ہو سکتا ہے کہ طالبعلم/طالبہ انگریزی سیکھنے والے پروگرام کی خدمات کا اہل ہو۔

انگریزی زبان میں مہارت (ELP) کا درجہ کیا ہے؟

ایک ELP، ورجینیا کے منظور شدہ WIDA کنسورشیم اسسمنٹ کی بنیاد پر ایک طالبعلم/طالبہ کے بولنے، سننے، پڑھنے اور لکھنے میں انگریزی زبان کی مہارت کے درجے کو بیان کرتا ہے۔ اس کے پانچ درجے "درجہ 1- انٹرنگ [داخلہ]" سے درجہ 5- برجنگ [رابطہ]" ہیں۔ جب طالبعلم/طالبہ "درجہ 6- ریچنگ [منزل]" پر پہنچتا ہے، طالبعلم/طالبہ براہ راست انگریزی سیکھنے کے پروگرام کی خدمات حاصل نہیں کرتا، مگر سکول کے اساتذہ اور انتظامیہ اس کی تعلیمی ترقی پر دو سال تک نظر رکھتے ہیں۔

میرے طالبعلم/طالبہ کا ELP درجے کا تعین کیسے کیا گیا؟

طلباء کی پہلی نشاندہی WIDA MODEL ٹیسٹ کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اگر اس ابتدائی سکریننگ کی بنیاد پر انگریزی سیکھنے کے پروگرام کی خدمات کے اہل متعین ہوں تو پھر ہر سال WIDA ACCESS for ELLs 2.0 assessment کے ذریعے ان کی جانچ کی جاتی ہے۔

اہل طلباء کیلئے The Alternate ACCESS for ELLs 2.0 اور ورجینیا کے ELP متبادل چیک لسٹ بھی دستیاب ہیں۔ اہل خانہ سکول سے یا جہاں ٹیسٹ لیا گیا وہاں کے مرکزی رجسٹریشن سروسز سے نتائج وصول کریں گے۔

میرے طفلِ مکتب کی دوبارہ جانچ کب ہو گی؟

ELP کے 1 سے 5 درجوں پر طلباء کی زبان سیکھنے کی پیش رفت ورجینیا محکمہ تعلیم (VDOE) کی منظوری کے ساتھ ہر سال موسم سرما کے آخر یا موسم بہار کے شروع میں ماپی جاتی ہے۔

میرا طفلِ مکتب انگریزی سیکھنے کے پروگرام سے کب نکلے گا؟

VDOE قابلیت کا معیار قائم کرتا ہے۔ آپ کے طفلِ مکتب کا سکول یا مرکزی رجسٹریشن سروسز کا دفتر حالیہ معیار اور آپ کے طالبعلم/طالبہ کے سکور سے متعلق مزید مخصوص معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

کیا میرا طفل مکتب کسی دوسرے مخصوص پروگراموں میں شرکت کرنے کا اہل ہو سکتا ہے؟

جی ہاں۔ انگریزی متعلمین دیگر تعلیمی پروگراموں میں شرکت کے اہل ہو سکتے ہیں جیسے خداداد صلاحیتوں والے طلباء کیلئے تعلیمی خدمات، مخصوص تعلیمی خدمات کے ساتھ ساتھ خاص اور/یا غیر روایتی پروگرام جو آپ کے طفل مکتب کے سکول میں دستیاب ہیں یا جب آپ کا طفل مکتب ایڈوانس تعلیمی اور کارکردگی میں معاونت کا اہل ہے۔

PWCS ورجینیا کے "خداداد صلاحیتوں والے طلباء کیلئے تعلیمی خدمات سے متعلق ضوابط" کے فریم ورک کے اندر K سے 12 گریڈ کے طلباء کو **گفٹڈ ایجوکیشن سروسز** فراہم کرتا ہے۔ والدین یا سرپرست گفٹڈ ایجوکیشن سروسز کی شناخت اور اس میں تعیناتی پر غور کے لیئے طلباء کو بھیج سکتے ہیں۔ ریفرل کے عمل اور گفٹڈ ایجوکیشن سروسز کے بارے میں مزید معلومات gifteded.departments.pwcs.edu پر مل سکتی ہیں، یا گفٹڈ ایجوکیشن و سپیشل پروگرامز کو 703.791.7400 پر فون کیجیئے۔

PWCS ان معذور طلباء کو خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کرتا ہے جن کو خصوصی تدریس کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کو شک ہے کہ آپ کے طفل مکتب میں ایسی معذوری ہے جو آپ کے طالبعلم/طالبہ کی نشوونما یا تعلیمی کارکردگی کو متاثر کر رہی ہے، یا ایک ذہنی یا جسمانی معذوری ہے جو کہ کافی حد تک زندگی کی اہم سرگرمی کو محدود کرتی ہے تو براہ مہربانی مزید معلومات کے لیئے 703.791.7287 پر خصوصی تعلیم کے ڈائریکٹر سے رابطہ کیجیئے۔ جو انگریزی سیکھنے والے خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل ہیں وہ اسے انگریزی زبان کی نشوونما کی تدریس کے ساتھ حاصل کریں گے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے/بچی کے سکول سے رابطہ کیجیئے۔

Prince William County
PUBLIC SCHOOLS
Providing A World-Class Education

سکولوں میں K تا 12 میں EL پروگرام کی خدمات

طلباء کو فراہم کی جانے والی انگریزی زبان میں مہارت کو بہتر کرنے کی تدریس کیسی ہے؟

ہم ELP میں 1 سے 5 لیول پر طلباء کو انگریزی زبان میں ترقی (ELD) کی تدریس انگریزی اور فنون زبان کے دوران دیتے ہیں۔ تدریس گریڈ لیول کے نصاب سے تعلیمی مواد پر توجہ دیتی ہے۔

ہم شیلٹرڈ تدریس (SI) ریاضی، سماجی علوم اور سائنس کی جماعتوں کے ایک یا زیادہ بنیادی مواد جماعتوں کے دوران دی جاتی ہے۔ تدریس ریاستی معیاری کے مواد حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ طلباء کو ELP کے لیول 1 سے 5 میں مہارت حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

اس پروگرام میں انگریزی سیکھنے والوں کی شرکت کیلئیے تدریس کون فراہم کرتا ہے؟

سند یافتہ ESOL اساتذہ، دیگر مضامین کے سندیافتہ اشتراک میں کام کرنے والے اساتذہ (جیسے مطالعہ، انگریزی، ریاضی، سماجی علوم، سائنس اور خصوصی تعلیم) جو EL تدریس میں بھی تربیت یافتہ ہیں۔

انگریزی سیکھنے والوں کی تدریس کیلئیے کون سے معیارات استعمال کیئے جاتے ہیں؟

ورجینیا کے محکمہ تعلیم نے WIDA کنسورشیئم سے الحاق کیا ہے اور بنیادی مضامین پر اطلاق کرنے کیلئیے WIDA کے پانچ انگریزی زبان کی نشوونما کے معیار اختیار کیئے ہیں۔ WIDA ELD کے معیار اس بات کی نمائندگی کرتے ہیں کہ انگریزی سیکھنے والے درج ذیل کرتے ہیں۔

1) سکولوں میں سماجی اور تدریسی خدمات کے لیئے ابلاغ کرتے ہیں۔
2) فنون زبان، ریاضی، سائنس اور سماجی علوم میں تعلیمی کامیابی کیلئیے ضروری معلومات، خیالات اور تصورات کا ابلاغ کرتے ہیں۔

مزید معلومات کیلئیے براہ مہربانی WIDA کی ویب سائٹ wida.wisc.edu ملاحظہ کیجئیے۔

ورجینا کے محکمۂ تعلیم کے گریڈز K-12 کیلئیے سٹینڈرڈآف لرننگ(SOL) کے نصاب کا نفاذ مجموعی اور صرف EL کی جماعتوں میں شیلٹرڈ تدریسی اپروچ استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔

مزید معلومات کیلئیے براہ مہربانی SOLs اور ٹیسٹنگ کیلئیے ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئیے۔ http://www.doe.virginia.gov/testing/

"شیلٹرڈ" سے کیا مراد ہے؟

شیلٹرڈ سے مراد ہے کہ تدریس کو اس طرح سے ڈیزائن کیا جاتا ہے کہ انگریزی سیکھنے والے ELs اپنی انگریزی زبان کی ترقی کو فروغ دیتے ہوئے اپنے گریڈ لیول کے موضوعات کو سمجھنے کے قابل ہوں۔

خدمات کے کون سی قسم کے ماڈل فراہم کیئے جاتے ہیں؟

زبان اور مضامین کے شعبوں میں معاونت بڑھانے کیلئیے ہم درج ذیل خدمات کے ماڈل فراہم کرتے ہیں: Co-taught; Pull-out; EL-only; Push-in; اور Inclusion

Co-taught = ایک ہی کمرۂ جماعت میں رہتے ہوئے، ایک ہی گروپ کے طلباء کو دو یا زیادہ اساتذہ پڑھاتے ہیں۔

Pull out = انگریزی سیکھنے والوں کو تدریس کیلئیے کمرۂ جماعت سے الگ کر دیا جاتا ہے۔

EL-only = ایک جماعت صرف انگریزی سیکھنے والے طلباء کیلئیے تشکیل دی جاتی ہے۔

Inclusion = انگریزی سیکھنے والوں کو عام تعلیم والے ہم جماعتوں کے ساتھ اسی جماعت میں تعلیم دی جاتی ہے۔

Push-in = انگریزی سیکھنے والوں کی عام تعلیمی جماعت میں انفرادی طور پر یا چھوٹے گروپوں میں معاونت کی جاتی ہے۔

کیا انگریزی کے ابتدائی متعلمین کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں؟

جی ہاں، یہ ہمارے ہائی سکول کے EL پروگرام کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ انگریزی سیکھنے والے ابتدائی متعلمین تدریسی زبان اور خواندگی کی مہارتیں سیکھنے میں معاونت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ گریجوئیشن کیلئیے کریڈٹس بشمول تصدیق شدہ کریڈٹس بھی حاصل کرتے ہیں۔ گریڈز 9-12 کی ریاضی کی سکریننگ کی جانچ ریاضی کے کریڈٹس اور ریاضی کے کورس کیلئے سفارش بھی متعین کرتی ہے۔

انگریزی سیکھنے والوں کے پروگراموں اور خدمات کی مزید معلومات کیلئیے براہ مہربانی اپنے بچہ کے سکول سے رابطہ کجیئے۔ اضافی معلومات ہماری ویب سائٹ www.pwcs.edu/departments/elprogram sservices سے یا ہمیں 703.791.8745 پر فون کر کے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

تحریری ترجمہ اور مترجم کی خدمات

پرنس ولیئم کاؤنٹی پبلک سکول ڈویژن کون سی زبانوں میں خدمات پیش کرتی ہے؟

PWCS والدین کو زبان سے متعلق خدمات مفت فراہم کرتی ہے۔ والدین کو ان کے بچوں کی تعلیم کے بارے میں اہم معلومات کو سمجھنے میں مدد کیلئیے، ہم پیشہ وارانہ ترجمانوں تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ ہم اپنے بہت سے اہم دستاویزات اور معلومات کا، ہمارے علاقے میں سب سے زیادہ درخواست کی جانے والی پانچ زبانوں ہسپانوی، اُردو، عربی، ویتنامی اور کورین میں ترجمہ فراہم کرتےہیں۔

اہل خانہ زبان کی معاونت کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

بذات خود جا کر—جب آپ اپنے طفلِ مکتب کے سکول یا ہمارے کسی مرکزی رجسٹریشن کے دفتر جائیں تو آپ اپنی زبان بولنے والے مترجم کیلئیے پوچھ سکتے ہیں۔ آپ ہمارے زبانوں کی معاونت والے پوسٹر کو استعمال کرتے ہوئے اپنی زبان کی طرف اشارہ کر سکتے ہیں۔ ہمارا عملہ فوری طور پر آپ کی مدد کیلئیے فون پر ایک مترجم کا انتظام کرے گا۔ رو برو مترجم، زیادہ تر زبانوں کیلئیے پیشگی نوٹس پر دستیاب ہو سکتے ہیں۔

فون پر—اگر آپ کے ترجمے یا مترجم کی خدمات حاصل کرنے سے متعلق کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی ہمیں 703.791.7568 پر فون کیجئیے۔

آن لائن—ہماری بہت سے دستاویزات اور معلومات ہسپانوی، اُردو، عربی، ویتنامی اور کورین میں دستیاب ہیں۔ ہماری ویب سائٹ www.pwcs.edu پر جائیے، اور پھر دستیاب ترجمہ شدہ دستاویزات دیکھنے کیلئیے اپنی زبان منتخب کیجئیے۔ ہماری ویب سائٹ کا ترجمہ دیکھنے کیلئیے آپ "Google Translate" کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں جو 50 سے زائد زبانوں میں ترجمہ فراہم کرتے ہیں۔ کمپیوٹر کی طرف سے کیا جانے والا ترجمہ اکثر ناقص ہوتا ہے، تاہم آپ کو ان معلومات کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے جنہیں ابھی تک سکول ڈویژن نے از خود ترجمہ نہیں کیا۔

Prince William County PUBLIC SCHOOLS
Providing A World-Class Education